الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name	:> **usman**	Serial No	:> **7593**
Address	:>	Fatwa No	:>
Subject	:> **حیات النبی**	Date	:> **2/22/2010**
Writer	:> محمد شیراز	Email	:>

MUFTI SAHAB Assalam u alaikum warahmatullah
Aik Sawal Aik Sawal Karna Chata Hoon K Hayatun Nabi S AW Main Ulamae Deoband Ka Kia Moqif Hay ?
Or Mamaty K Peechay Namaz Ka (Ulamae Deoband K Nazdeek) Parhna Kaisa Hay?
Wassalam
M Usman

مفتی صاحب! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
ایک سوال کرنا چاہتا ہوں کہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں علماءِ دیوبند کا کیا موقف ہے؟ اور مماتی کے پیچھے نماز کا علماءِ دیوبند کے نزدیک کیا حکم ہے؟ والسلام

الجواب حامداً ومصلیاً

اہلِ سنت والجماعت کا عقیدہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے روضۂ اطہر میں حیات ہیں اور آپ کی یہ حیات مثل دنیاوی حیات بلکہ اس سے بھی اعلیٰ وارفع ہے۔ اس لئے حدیثِ مبارکہ کی رُو سے جو شخص روضہ اطہر کے پاس آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھتا ہے تو آپ علیہ السلام اس کو بذاتِ خود سنتے ہیں اور جواب بھی دیتے ہیں اور جو شخص دور سے درود پڑھتا ہے تو اللہ رب العزت فرشتوں کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچاتے ہیں اور جو شخص اس کے خلاف عقیدہ رکھے وہ اہلِ سنت والجماعت سے خارج و بدعتی ہے جس کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ ہے اس لیے امام موصوف کو چاہیئے کہ اپنے اعتقادات کو موافق اہل سنت والجماعت کے بنائے تاکہ نماز جیسی اہم عبادت کراہت سے نکل سکے۔

فی المشکوٰۃ: عن أبی ھریرۃ رضؓ قال، قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صلی علیّ عند قبری سمعتہ ومن صلی علیّ نائیا أبلغتہ رواہ البیھقی (ص۸۷)۔

(جاری ہے)

وفيها أيضاً: عن أبي هريرة رض قال، سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا تجعلوا بيوتكم قبوراً ولا تجعلوا قبري عيداً وصلّوا عليّ فإن صلوتكم تبلغني حيث كنتم رواه النسائي (ص۸٦)۔

وفيها أيضاً: عن ابن مسعود رض قال، قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن لله ملائكة سياحين في الارض يبلغوني من أمتي السلام رواه النسائي والدارمي (ص۸٦)۔

والله سبحانه وتعالى أعلم

محمد شيراز عفي عنه

دار الافتاء جامعة بنورية كراچي

١٨-٤-١٤٣١هـ

الجواب صحيح

بنده بہرام رحمان عفا اللہ عنہ

دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

١٩ ربیع الثانی ١٤٣١ھ

الجواب صحیح

عبد الشكور كاكر

دار الافتاء جامعہ بنوریہ

٢٢ ربیع الثانی ١٤٣١ھ

الجواب

بنده سيف الله [illegible]

دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

٢٠ ربیع الثانی ١٤٣١ھ

رئیس

دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

دار الافتاء

٧٥٩٣

[illegible]